**06.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت اور روس نے اِس بات کا عہد کیا ہے کہ وہ اپنی باہمی تجارت کو 2030 تک ایک کھرب ڈالر تک پہنچا دیں گے۔

☆ وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ مرکز ٹیکس نظام کو آسان بنانے کیلئے کام کررہا ہے اور اب انکم ٹیکس کو ایک اکتاہٹ والا کام نہیں سمجھا جانا چاہیئے۔

☆ دلّی ایئرپورٹ اتھارٹی نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پروازوں کے بارے میں جانکاری حاصل کرلیں کیونکہ بتدریج پروازیں بحال کی جارہی ہیں۔

☆ صدرِ جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیرِ اعظم نے بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو، اُن کے 70ویں Mahaparinirvan دِوس پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

☆ وشاکھاپٹنم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے درمیان تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ جاری ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**INDIA-RUSSIA BUSINESS FORUM**

بھارت اور روس نے 2030 تک دوطرفہ تجارت کے حجم کو ایک کھرب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ کل نئی دلّی میں بھارت-روس کاروباری فورم سے روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ دونوں لیڈروں کے درمیان حالیہ بات چیت اور دونوں ممالک کی مضبوط صلاحیتوں سے اس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ دو طرفہ تجارت کا ہدف اپنے طے شدہ وقت سے پہلے حاصل کرلیا جائے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کاروبار کیلئے آسان اور قابل پیشگوئی میکانزم تیار کیا جارہاہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور یوریشیائی اقتصادی یونین کے درمیان

آزادانہ تجارتی معاہدے پر بات چیت شروع ہوچکی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ اعتماد مشترکہ کوششوں کو سمت اور رفتار دونوں فراہم کرے گا اور نئے خوابوں اور امیدوں کو پروان چڑھانے میں لانچ پیڈ کے طور پر کام کرے گا۔

**S/B Modi On 100 BIllion Trade**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور روس اختراع، مشترکہ پیداوار اور مشترکہ تخلیق کے ایک نئے سفر کا آغاز کررہے ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت، روس کے ساتھ عالمی چیلنجز کے پائیدار حل نکالنے کیلئے شانہ بشانہ کام کرنے کیلئے تیار ہے۔ وزیراعظم نے اس بات کی نشاندہی کی بھارت دنیا میں ہنرمندی کی راجدھانی کے طور پر اُبھر رہا ہے اور بھارت کے نوجوان عالمی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

**S/B Modi On Skilled Worker**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور روس نے، دونوں ممالک کے شہریوں کیلئے سیاحتی ویزا پر متعدد اہم فیصلے کئے ہیں، جس سے بھارت اور روس، دونوں کیلئے سیاحت کو فروغ ملے گا، کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور روزگار کے نئے مواقع کھلیں گے۔ جناب مودی نے اس خیال کا اظہار کیا کہ بھارت اور روس، الیکٹرک گاڑیوں کی مینوفیکچرنگ، آٹوموٹیو اجزاء اور وائرلیس موبلیٹی ٹیک کے سلسلے میں شراکت دار بن سکتے ہیں، جس سے عالمی خطۂ جنوب، خصوصاً افریقہ کی ترقی میں تعاون ہوگا۔x

**PREZ-RUSSIA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے روس کے صدر ولادیمیر پتن کے اعزاز میں کل شام ایک ضیافت کا اہتمام کیا۔ انہوں نے کہا کہ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان اہم تعلقات میں ایک خاص سنگِ میل ہے، کیونکہ یہ دورہ بھارت-روس اہم شراکت داری کے 25 سال پورے ہونے کے موقعے پر کیا جارہا ہے۔ صدر مرمو نے بھارت-روس خصوصی اور اہم شراکت داری کے تئیں صدر پتن کی حمایت اور ذاتی طور پر اِس پر کاربند رہنے کے عزم کو دوہرایا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس شراکت داری کی رہنمائی امن، استحکام اور باہمی سماجی و اقتصادی نیز ٹکنالوجی کی ترقی کے مشترکہ عزم سے ہوتی ہے۔ x

**SITHARAMAN LEADERSHIP SUMMIT**

وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ مرکز ٹیکس نظام کو آسان بنانے پر کام کررہا ہے تاکہ اسے ایک بے کار کا کام نہ سمجھا جاسکے۔ انہوں نے یہ بات آج نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ میڈیا تنظیم کی چوٹی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ انکم ٹیکس کی Slab کو اور زیادہ صاف و شفاف اور آسان بنایا جائے اور اِس پر اِس طرح عمل کیا جائے کہ ملک کے شہریوں کا معیار بلند ہوسکے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اگلا بڑا قدم کسٹم نظام کو نئے سرے سے ترتیب دینا ہے۔

وزیرِ خزانہ نے کہا کہ سرکار نے گذشتہ دو سال کے دوران کسٹم محصولات میں بتدریج کمی کی ہے اور وہ اسے آسان

بنانے کیلئے طور طریقے تلاش کررہی ہے تاکہ اِسے اور زیادہ صاف و شفاف بنایا جاسکے۔ محترمہ سیتارمن نے مزید کہا کہ متوسط طبقے کی بچت کم نہیں ہورہی ہے، بلکہ آج وہ سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ وزیرِ خزانہ نے بتایا کہ اِس سال مجموعی شرح ترقی سات فیصد سے زیادہ رہے گی۔x

## DELHI AIRPORT ADVISORY

حالیہ رخنہ اندازی کے بعد دلّی ہوائی اڈے پر پرواز خدمات بتدریج بحال ہورہی ہیں اور معمول کی جانب لوٹ رہی ہیں۔ اپنی ایڈوائزری میں دلّی ایئرپورٹ اتھارٹی نے مسافروں کو اطلاع دی ہے کہ اِنڈیگو کی کچھ پروازیں فی الحال متاثر رہیں گی۔ دلّی ایئرپورٹ اتھارٹی نے مشورہ دیا ہے کہ مسافرین، ہوائی اڈے کیلئے نکلنے سے پہلے ایئرلائنز کے ساتھ پروازوں کی تازہ صورتحال چیک کرلیں۔ اتھارٹی نے مزید کہا کہ اُس کی ٹیمیں، مسافروں کیلئے آسان سفری تجربے کو یقینی بنانے اور کم از کم خلل کیلئے سبھی شراکت داروں کے ساتھ سرگرم تال میل قائم کئے ہوئے ہے۔ دلّی ایئرپورٹ اتھارٹی نے یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ لوگ، پروازوں کی تازہ صورتحال جاننے کیلئے سرکاری ویب سائٹ: www.newdelhiairport.in چیک کرتے رہیں۔x

## FLORAL TRIBUTE AMBEDKAR

ملک آج بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو، اُن کے 70ویں مہاپری نروان دِوس یا برسی پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ اس موقع پر بھارت کی تعمیر میں ڈاکٹر امبیڈکر کے غیر معمولی کردار کو نمایاں کرنے کے مقصد سے ملک بھر میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ یہ تقریبات ڈاکٹر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ہیں، جو دوراندیش سماجی مصلح، قانون داں اور سیاست داں تھے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھاکرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور دیگر اہم شخصیات نے پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں بھارتی دستور کے معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو مہاپری نروان دِوس کے موقع پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔x

## PM-PARIKSHA PE CHARCHA

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے نویں منفرد پروگرام ''پریکشا پہ چرچا'' سے پہلے ملک بھر میں My Gov پورٹل پر ایک مقابلہ چل رہا ہے۔ اگلے سال 11 جنوری تک مختلف سوالات پر مبنی یہ آن لائن مقابلہ جاری رہے گا۔ چھٹی جماعت سے 12ویں جماعت تک کے طلباء، اساتذہ اور والدین اس مقابلے میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اسے مکمل کرنے والے تمام رجسٹرڈ شرکاء کو My Gov کی طرف سے اِس میں شامل ہونے کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔ ''پریکشا پہ چرچا'' اگلے سال جنوری میں ہونی ہے، جہاں ملک اور بیرونِ ملک کے طلباء اور اساتذہ، وزیرِ اعظم کے ساتھ امتحان کے ذہنی دباؤ کے بارے میں تبادلۂ خیال

کریں گے اور امتحانات کو ایک اُتسو کے طور پر منائیں گے، جوکہ زندگی کا ایک لازمی جزو ہے۔ x

## SARAS FOOD FESTIVAL DAY

Saras Ajeevika فوڈ فیسٹیول 2025 کو دیکھنے کیلئے بڑی تعداد میں لوگ آرہے ہیں اور ان میں کافی جوش وخروش پایا جاتا ہے ۔ یہ فیسٹیول پچھلے مہینے کی 29 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ دین دیال انتودیہ یوجنا قومی دیہی روزگار مشن کے تحت دیہی ترقی کی مرکزی وزارت نے اِس فیسٹیول کا اہتمام کیا ہے۔ یہ فیسٹیول خواتین کے بااختیار ہونے کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ نمائش میں حصہ لینے والی جھارکھنڈ کی ریکھا دیوی نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزارت کی اِس پہل قدمی سے، اُسے فیسٹیول میں کھانے پینے کی اشیاء کا اسٹال لگانے کیلئے مالی امداد ملی ہے۔

**SB - Rekha Devi**

## SC-AI

سپریم کورٹ نے یقین دلایا ہے کہ عدالتی کارروائی میں مصنوعی ذہانت AI کے استعمال کے سوال پر جج انتہائی احتیاط سے کام لے رہے ہیں اور اس نے یہ بھی کہا کہ اس طرح کی ٹیکنالوجی کبھی بھی عدالت کے فیصلہ کرنے کے عمل کی جگہ نہیں لے سکے گی۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی میں دو ججوں کی ایک بینچ ، ایک درخواست کی سماعت کررہی تھی، جس میں کہا گیا تھا کہ عدالتی نظام کیلئے مصنوعی ذہانت کے استعمال کے واسطے ضابطے بنائے جائیں۔ بینچ میں جسٹس Joymalya Bagchi بھی شامل تھے۔

چیف جسٹس سوریہ کانت نے واضح طور پر کہا کہ عدلیہ ٹیکنالوجی کے بارے میں انتہائی محتاط ہے۔ انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ مصنوعی ذہانت کو عدالتی فیصلہ سازی میں کبھی بھی بالادستی حاصل نہیں ہوگی اور ججوں کی آزادانہ سوجھ بوجھ اور دانشمندی بدستور بھارت کے عدالتی نظام کا مرکزی جزو رہے گی۔ x

## INDIA ERITIREA CONSULTATION

بھارت اور افریقی ملک Eritirea نے سیاسی، تجارتی، اقتصادی، ترقیاتی اور سماجی ثقافتی تعلقات سمیت باہمی رشتوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا ہے۔ دونوں ملکوں کے امورِ خارجہ کے دفتروں کے درمیان کل Asmara میں تبادلۂ خیال ہوا۔ دونوں ملکوں نے اپنی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ x

**PAK HUMAN RIGHTS**

بلوچ قومی تحریک نے مانگ کی ہے کہ پاکستان میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے پیشِ نظر، پاکستان کو تجارت کا ترجیحی درجہ دیے جانے پر پھر سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کو Generalised Scheme of Preference کے تحت یہ ترجیحی درجہ حاصل ہے۔ بلوچ قومی تحریک کے چیئرمین نسیم بلوچ نے برسلز میں یوروپی پارلیمنٹ میں ایک کانفرنس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے یہ مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان کی فوج نے بلوچستان میں اپنی ظلم و زیادتوں میں اور اضافہ کردیا ہے۔x

**FRANCE ACCIDENT**

خبر ملی ہے کہ فرانس میں 10 افراد اُس وقت ہلاک اور 19 زخمی ہوگئے، جبکہ ایک گاڑی اُس ہجوم میں جا گھسی، جہاں لوگ کرسمس کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ یہ واقعہ Guadeloupe خطے کے Sainte-Anne میں پیش آیا۔ مقامی میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ تین زخمیوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ حادثے کی وجہ واضح نہیں ہوسکی ہے اور حکام اِس کی جانچ کررہے ہیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ x

**GUJRAT- AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے آج یہ اعلان کیا ہے کہ حکومت کا مقصد ڈیری کے شعبے میں ایک سرکلر ایکونومی ماڈل کو نافذ کرکے پانچ سال میں مویشی چرانے والوں کی آمدنی میں 25 فیصد کا اضافہ کرنے کا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ اعلان گجرات کے Sanadar میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کے دوران کیا۔ وہ Banas Dairy کے ایک Bio-CNG اور فرٹیلائزر پلانٹ کا افتتاح کرنے کے بعد جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے Banas Dairy کے State of the art 150 TPD Milk Powder اور Baby Food پلانٹ کے سنگِ بنیاد کی تقریب میں بھی شرکت کی۔x

**CRICKET-ODI**

وشاکھا پٹنم کے ACA-VDCA کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کا تیسرا اور آخری ایک روزہ کرکٹ میچ کھیلا جارہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک جنوبی افریقہ نے ایک وکٹ پر 18 رَن بنائے ہیں اور ابھی پانچ اوور کا کھیلا ہوا ہے۔

دونوں ٹیموں کیلئے یہ میچ نہایت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس وقت یہ سیریز ایک - ایک سے برابری پر ہے۔ بھارت

نے رانچی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں 17 رن سے جیت حاصل کی تھی۔ تاہم مہمان ٹیم نے رائے پور میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں شاندار کھیل کامظاہرہ کرتے ہوئے 359 رن کا نشانہ حاصل کرتے ہوئے، سیریز ایک ایک سے برابر کردی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆